آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

مینجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ایڈیٹر: نجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053

موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 16 | جمعۃ المبارک 6 جنوری 2023ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 268

موسم گرما سے پہلے توانائی بچت منصوبہ ہر صورت مکمل کیا جائے، وزیر اعظم

ابتدائی مرحلے میں وفاقی سرکاری عمارتوں میں مجموعی طور پر 1000 میگاواٹ کے سولر پینل لگائے جائیں گے

پہلے مرحلے کی پڈنگ کا عمل آئندہ ہفتے سے شروع ہوجائے گا، سولر پینلز کی پیداوار کیلئے پالیسی سازی کا عمل بھی حتمی مراحل میں داخل ہو چکا ہے، شہباز شریف کو اجلاس میں بریفنگ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت توانائی بچت پلان پر عملدرآمد کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا، اجلاس میں سولرائیزیشن منصوبے پر عملدرآمد سے متعلق ہونے والی پیشرفت سے آگاہ کیا گیا جس پر وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ آئندہ موسم گرما سے پہلے یہ منصوبہ ہر صورت مکمل کیا جائے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ابتدائی مرحلے میں وفاقی سرکاری

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمران خان اسمبلی آکر الیکشن کے حوالے سے اتفاق رائے پیدا کریں، احسن اقبال

پاکستان کو تصادم نہیں اتحاد کی ضرورت ہے، الیکشن اپنے وقت پر ہوں گے، وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ عمران خان اسمبلی آکر الیکشن کے حوالے سے اتفاق رائے پیدا کریں۔ اپنے ایک بیان میں

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آرمی چیف عاصم منیر کا سعودی عرب اور امارات کا سرکاری دورہ

عسکری ادارے کے ترجمان کے مطابق آرمی چیف جنرل عاصم منیر دونوں برادر ممالک کی اعلیٰ قیادت سے ملاقات کریں گے

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان سے ریاض میں اہم ملاقات کی۔ ریاض میں ہونے والی ملاقات میں عسکری اور دفاعی تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا ہے۔ ملاقات میں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گورنر پنجاب نے اعتماد کے ووٹ کا جو حکم دیا وہ غیر قانونی ہے، پرویز الٰہی

عمران خان جیسا لیڈر پاکستان میں پیدا نہیں ہوگا، قائد اعظم کے بعد عمران خان جیسا ایماندار لیڈر پہلی بار پاکستان کو ملا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی وزیر آباد میں چوہدری پرویز الٰہی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے توسیعی منصوبے اور جدید مشینری کی فراہمی کے پراجیکٹس کے آغاز کے بعد دعا کر رہے ہیں۔

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ گورنر پنجاب نے اعتماد کے ووٹ کے بارے میں جو حکم دیا وہ غیر قانونی ہے اس لیے تسلیم نہیں کرتے۔ انسٹی ٹیوٹ آف

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جیپوں اور پک اپ گاڑیوں کی فروخت میں جاری مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 62 فیصد کی کمی ریکارڈ

اسلام آباد (یو این پی) ملک میں جیپوں اور پک اپ گاڑیوں کی فروخت میں جاری مالی سال کے پہلے 5 ماہ میں سالانہ بنیادوں پر 62 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ آل پاکستان آٹو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمران خان وزیر آباد حملے کی کہانی الجھانا چاہتے ہیں، وزیر داخلہ

عمران خان کو فائر نہیں لگا بلکہ ڈرامہ کر رہا ہے، رانا ثنا اللہ کی لاہور میں نیوز کانفرنس

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جو قوم اپنے بچوں کی حفاظت نہیں کر سکتی وہ کامیاب نہیں ہو سکتی، ڈاکٹر ناصر حمید

بچوں کے استحصال اور بدسلوکی سے بچاؤ کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا

بہاول پور (پ ر) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد کی ہدایت پر چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی جانب سے بچوں کے استحصال کی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

8 ضمنی الیکشن جیتنے کے بعد مجھے قتل کرنے کا پلان بنایا گیا، عمران خان

قوم کے سامنے سوال رکھنا چاہتا ہوں، قاتلانہ حملہ کیوں ہوا اور پیچھے کیا محرکات تھے، جے آئی ٹی رپورٹ کی فائنڈنگ بھی سامنے رکھنا چاہتا ہوں، جے آئی ٹی میں کافی چیزیں سامنے آئی ہیں چیف جسٹس سپریم کورٹ سے صرف انصاف کی توقع ہے، لاہور میں ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف اور سابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ قوم کے سامنے سوال رکھنا چاہتا ہوں، قاتلانہ حملہ کیوں ہوا اور پیچھے کیا محرکات تھے، جے آئی ٹی رپورٹ کی فائنڈنگ بھی سامنے رکھنا چاہتا ہوں، جے آئی ٹی میں کافی چیزیں سامنے آئی ہیں، 11 میں سے 8 ضمنی الیکشن جیتے تو پھر مجھے مارنے کا پلان بنایا گیا۔ لاہور میں ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ مجھے پتا تھا کس نے یہ ویڈیو بنائی، ویڈیو میں کہا گیا عمران خان نے توہین رسالت کر دی، میاں جاوید لطیف نے 14 ستمبر کو پریس کانفرنس کی، میاں جاوید لطیف نے کہا عمران خان نے بڑا ظلم کر دیا اب لوگوں میں بڑا غصہ ہے، مریم نواز کو بھی جوش آ گیا 15 ستمبر کو اس نے پریس کانفرنس کر دی، رانا ثنا اللہ بہت بڑا دینی آدمی اس نے بھی پریس کانفرنس کر دی۔ سابق

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



ملکی برآمدات میں کمی، وزیر اعظم نے برآمدات میں اضافے کیلئے کمیٹی تشکیل دیدی

برآمدات میں اضافے کیلئے کمیٹی سے 14 روز میں سفارشات طلب کی گئی ہیں

اسلام آباد (یو این پی) ملکی برآمدات کو بڑھانے کا مشن، وفاقی حکومت نے ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف نے وفاقی وزیر

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عدالت نے عثمان بزدار کی عبوری ضمانت کا کیس نمٹا دیا

لاہور (یو این پی) لاہور کی احتساب

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چولستان اراضی الاٹمنٹ کے حوالہ شکایات ازالہ کمیٹیوں کا ایک اعلیٰ سطحی اجلاس

کمشنر راجہ جہانگیر انور کی زیر صدارت

حق دار چولستانیوں کو میرٹ پر شفاف طریقہ کار کے مطابق اراضی الاٹمنٹ کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ کمشنر کی ہدایت

بہاولپور: کمشنر راجہ جہانگیر انور چولستان اراضی الاٹمنٹ بارے شکایات ازالہ کمیٹیوں کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور کی زیر صدارت چولستان اراضی الاٹمنٹ کے حوالہ سے شکایات ازالہ کمیٹیوں کا ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم ڈی چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی سید طارق محمود بخاری، ایڈیشنل کمشنر رابطہ فیصل عطا خان سمیت شکایات ازالہ کمیٹیوں کے سربراہان، ایڈیشنل کمشنر (ر) اشتیاق احمد جاوید، آصف حیات لودھی، وسیم انور خان، عبدالحمید رحمانی سمیت دیگر انتظامی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

آزاد ایم پی اے بلال وڑائچ کا چوہدری پرویز الٰہی کو اعتماد کا ووٹ دینے کا اعلان

چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سے پنجاب اسمبلی کے آزاد حیثیت میں منتخب ہونے والے ایم پی اے بلال وڑائچ کی ملاقات

ایم پی اے نے تحریک انصاف کے وژن کی تائید کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ چودھری پرویز الٰہی کو ووٹ دینے کا اعلان کر دیا



لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سے پنجاب اسمبلی کے آزاد حیثیت میں منتخب ہونے والے ایم پی اے بلال وڑائچ نے ملاقات کی، اس موقع پر ایم پی اے نے تحریک انصاف کے وژن کی تائید کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سی پیک کے متعدد منصوبے 2030 تک فنشنگ لائن کو عبور کر لیں گے

11 توانائی اور سات بنیادی ڈھانچے کے منصوبے پہلے ہی مکمل ہو چکے ہیں

اسلام آباد (یو این پی) چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے متعدد منصوبے 2030 تک فنشنگ لائن کو عبور کر لیں گے، 18.7 بلین ڈالر کی مجموعی سرمایہ کاری کے ساتھ 11 توانائی کے منصوبے اور سات بنیادی ڈھانچے کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور: گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن سے یونائیٹڈ نیشن پاپولیشن فنڈ کے کنٹری نمائندہ ڈاکٹر لوائے شبانی گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں۔

چوہدری پرویز الٰہی نے احمد پور شرقیہ سے چھوٹی تحصیلوں کو ضلع کا درجہ دیدیا، ملک مختیار احمد

احمد پور شرقیہ کو ضلع کا درجہ نہ ملنا یہاں کے منتخب ہونے والے نمائندوں کے لئے بھی سوالیہ نشان ہے، سربراہ احمد پور اتحاد

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) احمد پور اتحاد کے سربراہ ملک مختیار احمد، نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی نے احمد پور شرقیہ سے چھوٹی تحصیلوں کو ضلع کا درجہ دے دیا ہے۔ مگر پنجاب کی سب سے بڑی اور قدیم تحصیل کو ضلع کا درجہ نہ دینے سے یہاں کے لوگوں میں شدید مایوسی پائی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ہیلتھ یونیورسٹیاں فیملی میڈیسن پروگرام پر کام کر رہی ہیں، گورنر پنجاب

تعلیم یافتہ اور صحت مند مائیں ہی ایک بہتر معاشرے کی بنیاد رکھ سکتی ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن سے آج یہاں گورنر ہاؤس لاہور میں یونائیٹڈ نیشن پاپولیشن فنڈ کے کنٹری نمائندے ڈاکٹر لوائے شبانی (Dr.Luay Shabaneh) نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پروگرام اینڈ

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بھارت اقوام متحدہ کی قراردادوں اور انسانی حقوق کی دھجیاں اڑا رہا ہے

وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں اسرائیلی طرز کی پالیسیوں پر گامزن ہے، قمر زمان کائرہ

اسلام آباد (یو این پی) وزیر اعظم کے مشیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ بھارتی اقدامات عالمی قوانین اور چوتھے جنیوا کنونشن کی کھلی خلاف ورزی ہے، اقوام متحدہ اور عالمی برادری مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی ریاستی دہشت گردی کی روک تھام کے لیے فوری اقدامات اٹھائیں۔ جمعرات کو یوم حق خودارادیت کشمیر کے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان کی آبادی میں تیزی سے اضافہ، 23 کروڑ 10 لاکھ تک پہنچ گئی

کام کرنے والوں کی تعداد زیر کفالت افراد سے زیادہ ہوگئی

لاہور (یو این پی) پاکستان کی آبادی میں بہت تیزی سے اضافہ ہوا ہے اور یہ 1970 کی 59 ملین سطح سے بڑھ کر 2021 میں 231 ملین 23) کروڑ 10 لاکھ (تک پہنچ گئی ہے، آبادی کی اکثریت نوجوانوں پر مشتمل ہے، کام کرنے والوں کی تعداد زیر کفالت افراد سے زیادہ ہوگئی ہے۔ سٹیٹ بینک پوڈ کاسٹ سیریز کی تازہ

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور اور ملتان ہوائی اڈے دھند کی لپیٹ میں ہیں

جس کی وجہ سے بعض پروازیں تاخیر کا شکار ہیں، ترجمان سول ایوی ایشن اتھارٹی

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی نے ملک کے مختلف ہوائی اڈوں پر دھند کی صورتحال سے متعلق رپورٹ میں کہا ہے کہ لاہور اور ملتان ہوائی اڈے دھند کی لپیٹ میں ہیں جس کی وجہ سے بعض پروازیں تاخیر کا شکار ہیں۔ ترجمان سول ایوی ایشن اتھارٹی کے مطابق لاہور ایئرپورٹ پر حد نگاہ 150 میٹر ہے جس میں

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: ایڈیشنل کمشنر رابطہ فیصل عطا خان، ڈائریکٹر سمیرا ملک، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز ڈاکٹر ناصر حمید، سپرنٹنڈنٹ دارالامان فریال امین اور انچارج چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو نوشابہ ملک و دیگر بچوں کے استحصال کی روک تھام کیلئے عوامی آگاہی واک میں شریک ہیں۔

حاجی محمد اقبال قریشی کی نماز جنازہ محمود پارک میں ادا کی گئی

عزیز و اقارب کے علاوہ شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) بہاول پور چیمبر آف کامرس کی ایگزیکٹو باڈی کے رکن منصور اقبال قریشی، شاھد اقبال قریشی، کے والد حاجی محمد اقبال، بقضائے الٰہی وفات پاگئے ان کی نماز جنازہ محمود پارک میں ادا کی گئی۔ جسمیں عزیز و اقارب کے علاوہ شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ دریں اثنا حاجی عبدالعزیز قریشی، حاجی محمد شاھد، چوہدری محمد اکرم، ملک عدنان، صدرالدین

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہر کی اکثر سڑکوں پر واقع گٹروں کے ڈھکن غائب حادثہ کا خدشہ

شہریوں کا اسسٹنٹ کمشنر ملک ظہور احمد اعوان سے فی الفور گٹروں پر ڈھکن رکھنے کا مطالبہ

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) شہر کی اکثر سڑکوں پر واقع گٹروں کے ڈھکن غائب ہونے سے کسی بھی وقت حادثہ کا خدشہ ہے۔ تفصیل کے مطابق

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

توہین مذہب کا کارڈ استعمال کرنیوالوں کی قلعی کھل چکی ہے، مسرت جمشید چیمہ

بھگوڑوں کا خاندان پاکستان کو اپنی ذاتی جاگیر سمجھتا ہے

لاہور (یو این پی) ترجمان وزیر اعلیٰ و

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: فیکلٹی آف ایگریکلچر اینڈ اینوائرمنٹ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور۔

جامعہ اسلامیہ میں تحقیقی سرگرمیوں کو قومی امنگوں اور ترجیحات سے ہم آہنگ کیا گیا

پروفیسر ڈاکٹر معظم جمیل

اسلامیہ یونیورسٹی سے فارغ التحصیل زرعی گریجویٹس قومی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں

ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچر اینڈ انوائرمنٹ

بہاولپور (پ ر) ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچر اینڈ انوائرمنٹ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر معظم جمیل نے کہا ہے کہ وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب کے ویژن کے مطابق جامعہ اسلامیہ میں تحقیقی سرگرمیوں کو قومی امنگوں

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امپورٹڈ حکومت مشکل فیصلے کرنے کا مینڈیٹ نہیں رکھتی

عمران خان کی مقبولیت سے خوفزدہ چوروں کا ٹولہ عوام کا سامنا نہیں کر سکتا، اسلم اقبال

لاہور (یو این پی) سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال نے کہا ہے کہ ترقی کرتی ہوئی معیشت کا پہیہ روک کر نا اہلوں کو ملک پر مسلط کر کے ظلم کیا گیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں سینئر صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال کا کہنا تھا کہ اقتدار کے نشے میں پی ڈی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تاجر برادری گھمبیر چیلنجز کے پیش نظر ملک کی خاطر قربانی دینے کیلئے تیار ہے، اشرف بھٹی

لاہور (یو این پی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مشیر وزیر اعلیٰ چوہدری طارق مجید کی ڈسٹرکٹ پریزیڈنٹ مسلم لیگ خواتین ونگ کے ہمراہ محمد اکمل شیخ کے گھر آمد

چیئرمین سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال بننے پر مبارکباد پیش کی پھولوں کا گلدستہ بھی دیا تنظیمی امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال



اوچ شریف (کرائم رپورٹر) مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری طارق مجید کی ڈسٹرکٹ پریزیڈنٹ مسلم لیگ خواتین ونگ کے ہمراہ محمد اکمل شیخ کے گھر آمد چیئرمین سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال بننے پر مبارکباد پیش کی پھولوں کا گلدستہ بھی دیا، تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ ق کے سکبیر رہنما و مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری طارق مجید نے ڈسٹرکٹ پریزیڈنٹ مسلم لیگ خواتین ونگ حمیرا یاسمین کے ہمراہ تحصیل صدر مسلم لیگ محمد اکمل شیخ کے گھر پر پہنچ کر انہیں ضلعی چیئرمین سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال بہاول پور بننے پر مبارکباد پیش کی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب حکومت کے اہم انتظامی اقدامات

ڈویژن اضلاع اور تحصیلوں کے بازار سج گئے

تاحال بحالی صوبہ بہاولپور سمیت بہاولنگر اور رحیم یار خان پیا سے ہی رہے زنیرا بلوچ، فاطم الزہرہ و دیگر عہدیدار

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) سیاسی دستگردی کا اسیر صوبہ بھی بندھے ہاتھ سال نو میں داخل ہوگیا۔ پنجاب حکومت کے اہم انتظامی اقدامات جاری۔ ڈویژن اضلاع اور تحصیلوں کے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چین سے درآمد کی گئیں نئی کوچز مکمل فٹ اور ٹریک پر چلنے کیلئے تیار ہیں، سی ای او ریلوے

لاہور (یو این پی) چیف ایگزیکٹو افسر پاکستان ریلوے سلمان صادق شیخ نے نئی کوچز سے متعلق خبروں کی سختی سے تردید کرتے ہوئے کہا ہے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایفا سکول سسٹم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

نرسری تا نہم

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج قینچی موڑ احمد پور

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

نرسری تا پنجم

دی ایجوکیٹرز

بیکن ہاؤس سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

بوائز اینڈ گرلز

احمد پور سکول

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

بی ایڈ، ایل ایل بی، ایم اے 0300-8688787

القادریہ پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

احمد پور شرقیہ کا قدیم سکول 1995ء سے قائم شدہ

Ph.0300-8155716

تحصیل کا پہلا واؤچر سکول جس میں داخلے پر (آپ کے بچے کی مکمل تعلیمی فیس گورنمنٹ ادا کریگی)

(PEF) اپنی واؤچر سکیم کے تحت نرسری سے ایف۔اے تک مفت تعلیم، مفت کتابوں کی سہولیات فراہم کرتا ہے

- خوبصورت بلڈنگ
- صاف ستھرا ماحول
- ہر بچے پر خصوصی توجہ
- بچوں کے جھولے
- دینی تعلیم، قرآن مجید، تفسیر، حدیث کی تعلیم
- لائبریری
- کمپیوٹر لیب

مفت تعلیم	مفت کتابیں	اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ

القادریہ پبلک سکول نزد حکیم حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ

حکیم محمد حسنین چوہان

ماہر امراض معدہ

ماہر امراض مخصوصہ

احمد پور شرقیہ کے سینئر کوالیفائیڈ حکیم

فارغ التحصیل گورنمنٹ کالج بہاولپور

فارغ التحصیل انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

ماہر نباض، نبض دکھائیں، مرض حکیم صاحب خود بتاتے ہیں

امراض معدہ، معدہ آنتوں میں زخم، السر، ورم، معدہ آنتوں کی سوزش، قبض، پیچس، جوڑوں کا درد، شوگر کا یقینی خاتمہ، گردے مثانے کی پتھری بذریعہ دوائی اخراج، سستی، نامردی، جریان، احتلام، بانجھ پن، اولاد کا یقینی ہونا، الرجی، دمہ، ٹائیفائیڈ بخار اور ہر قسم کے مرض کے علاج کیلئے تشریف لائیں

ایڈریس: حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ 0300-8155716

پنجاب کالج احمد پور شرقیہ

F.SC	F.A	I.C.S	I.COM

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

قینچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

آپ کے معیار کے مطابق ہر قسم کی بہترین ورائٹی

نیو نشاط

ایک دام

کلاتھ ہاؤس

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

تحصیل بازار احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں محمد عمر

0331-7567242

ہر موسم کی تمام معیاری کمپنیوں کی گارمنٹس ورائٹی

بابا، بے بی، لیڈیز اینڈ جینٹس،

آپ کے ذوق کے عین مطابق دستیاب ہے

نشاط آؤٹ فٹ

ڈیلر، آکسفورڈ، بونیزہ

ایک دام

جنگو پلازہ

ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پراجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

ورائٹی اور معیار ہماری پہچان

نشاط فیبرکس

ایک دام

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

بالمقابل رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

حافظ محمد بلال

0332-6263802

منفرد اور زندہ تحریروں کا شاہکار

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاول پور

تازہ ترین خبروں اور بے لاگ تبصروں کے ساتھ ہر روز آپ کی خدمت میں مقامی، ملکی اور بین الاقوامی مسائل پر جاندار تبصروں ہلکے پھلکے طنز و مزاح، باتصویر، فیچروں منہ بولتے واقعات چیختی چلاتی کہانیوں، منظومات، غزلیات، معیاری مضامین

اور چونکا دینے والا نت نئے انکشافات کیلئے

ہر شمارہ ..... دلچسپ شمار

نوائے احمد پور شرقیہ پڑھیے

نوائے احمد پور شرقیہ آپ کا اپنا اخبار ہے، پرچہ اپنے ہاکر سے طلب کیجئے

دفتر:

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ، 246C سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک Z احمد پور شرقیہ

0301-7740405

انٹرنیشنل کانفرنس آن کلائمیٹ ریزیلیئنٹ پاکستان

از۔ ظہیرالدین بابر

شہبازشریف حکومت ایک طرف بین الاقوامی اداروں کو پاکستان سے سیلاب سے آنے والی تباہی بارے جامع انداز میں آ گاہ کررہی ہے تو وہی اپنی مدد آپ کے تحت سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں بحالی کا کام بھی زور وشور سے جاری ہے، مثلا وزیراعظم پاکستان نے گذشتہ روز صحبت پور کا دورہ کیا، مذکورہ علاقے کا شمار سیلاب سے شدید متاثرہ علاقوں میں کیا جاتا رہا ،اس موقعہ پرشہبازشریف نے متاثرین اور قبائلی عمائدین سے خطاب کرتے ہوئیکہا کہ ان کے لیے یہ انتہائی خوشی کی بات ہے کہ جب انھوں نے ماضی میں انھوں نے اس علاقہ کو دیکھا تو یہ مکمل طور پر پانی میں ڈوبا ہوا تھا مگر وفاقی اور صوبائی حکومت کے تعاون سے علاقہ زندگی کی جانب لوٹ آیا ہے، وزیراعظم پاکستان کا کہنا تھا کہ اس میں دوآرا نہیں کہ حکومت کے وسائل محدود ہیں مگر یہ بھی سچ ہے کہ پی ڈی ایم اور میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی مکمل بحالی تک ہرگز چین سے نہیں بیٹھیں گے"9 جنوری کو انٹرنیشنل کانفرنس آن کلائمیٹ ریزلیئنٹ پاکستان کے کانفرنس کا انعقاد ہونا بلاشبہ بڑی کامیابی ہے ، مذکورہ کانفرنس میں اقوام متحدہ کے سربراہ نہ صرف خودشریک ہونگیبلکہ وہ دیگر اہم مما لک کے نمائندوں کو بھی اس میں شرکت کی دعوت دے چکے ، یقینا پاکستان میں سیلاب سے آنے والی تباہی پر ہمارے دوست ملک نے جہاں ہنگامی بنیادوں پر اسلام آباد کی مدد کی وہی متاثرین کی مکمل بحالی کے کام میں بھی حصہ ڈالا رہے ہیں، اس ضمن میں علاقائی اور عالمی سطح پر پاکستان کی امداد قابل تحسین ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ تادم تحریر لاکھوں خاندان اب بھی امداد کے مستحق ہیں، موسم سرما کے باوجود ہزاروں امراد کو اپنی چھت بھی تاحال میسر نہیں ، دراصل یہی وہ چیلنج ہے جس سے کامیابی سے نمٹنے کے لیے حکومت ملک کے اندر ہی نہیں علاقائی اور عالمی محاذ پر اپنا مقدمہ کامیابی سے پیش کررہی ہے۔ وطن عزیز میں سیلاب سے متاثر ہونے والے ہزاروں گھروں کے مکین آج بھی امداد کے منتظر ہیں، سیلابی پانی نے جس قدر متاثرین کے گھروں کونقصان پہنچایا ہے ان کی مرمت سیلاب زدگان کی برداشت سے باہر ہے چنانچہ وہ منتظر ہیں کہ حکومت ہنگامی بنیادوں پر ان امداد کرے تاکہ وہ اپنی چھت مرمت کرواسکیں، ایک اندازے کے مطابق حالیہ بارشوں سے پاکستان میں کم وبیش 10لاکھ گھر تباہ ہوئے ، ادر وزیراعظم شہبازشریف کہہ چکے ہیں کہ متاثرین کی امداد حکومت کا کوئی احسان نہیں بلکہ اس کا فرض ہے ، اب وزیراعظم پاکستان رواں ماہ 9جنوری کو عالمی سطح پر یہ پیغام دینے جارہے ہیں کہ سیلاب سے متاثرہ پاکستانیوں یوں ضروری ہے کہ عالمی موسیماتی تبدیلیوں میں پاکستان کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے،اقوام متحدہ سمیت عالمی رہنما اس حقیقت سے باخوبی واقف ہیں کہ عالمی موسیماتی تبدیلیوں نے پاکستان کو قربانی کا بکرا سمجھا ، پاکستان میں صعنت کسی پراس مقام تک نہیں پہنچی جہاں وہ موسیماتی تبدیلی میں اپنا کوئی منفی حصہ ڈالے سکے،سوال یہ ہے کہ آخر امریکہ سمیت دیگر عالمی برداری پاکستان کی مدد کیونکر کریں گے ، اعدادوشمار گواہ ہیں کہ ورلڈ بنک اور ایشیائی ترقیاتی بنک سمیت تمام عالمی مالیاتی ادارے کہنے کوتو ترقی پذیر مما لک کی معیشت بہتر بنانے کے دعویدار ہیں مگر یہ ہرگز سو فیصد سچ نہیں، ہم باخوبی جانتے ہیں کہ عصر حاضر کی معیشت سیاست پرغالب آچکی چنانچہ یہ کسی طور پرممکن نہیں کہ کوئی ترقی پذیر ملک عالمی قوانین کی خلاف ورزی کرتار ہے اور امریکہ سمیت دنیا کے اہم مما لک اس کچھ نہ بگاڑ سکیں، کہنے کا مقصد یہ کہ دنیا کے مختلف مما لک میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کی فضا اسی وقت قائم ہوتی ہے جب ریاستوں کے قومی یا پھر مالی مفادات میں ٹکراو کی سی صورت حال نہ ہو، یقینا بدقسمتی ہے کہ ماضی کی عمران خان کی حکومت نے عالم منظر نامے میں پاکستان کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی، عمران خان نے اقتدار سے رخصتی کے وقت جس قدر متنازعہ بیانیہ ترتیب دیا اس کے نتیجے میں عملی طور پر واشنگٹن اور اسلام آباد میں دوریاں پیدا ہوئیں ، بطور وزیراعظم پاکستان عمران خان جلسے جلوسوں میں امریکہ کو جس طرح موردو الزام ٹھراتے ہیں اس سے پاک امریکی تعلقات بڑی حد تک متاثر ہوئے ۔اس پس منظر میں امریکی حکومت کے نمائندوں نے واضح طور پر بتا دیا کہ پاکستان میں پی ٹی آئی حکومت کو لانے اور پھر رخصت کرنے میں کسی طور پر امریکہ کا ہاتھ نہیں ، ادھر پاکستان میں بھی پی ٹی آئی یہ تاثر بتاتی رہی کہ دراصل امریکہ ہی تھا جس نے عمران خان کوعہدے سے برطرف کرنے میں کلیدی کردارادا کیا ،مقام شکر ہے کہ عمران خان نے بالواسطہ یا بلاواسطہ طور شکست مان لی ہے ان کے مخالفین کے بقول سابق وزیراعظم ایک بار اپنے طرز سیاست کا مشاہدہ کریں تاکہ اصلاح احوال کے لیے کسی دوسرے پرالزام تراشی نہ کرسکیں، عمران خان کوجان لینا چاہیے کہ ان کی بصیرت اور نیت کادم پتہ اسی وقت چلے گا جب وہ بنا کسی پیشگی شرط کے پی ڈی ایم حکومت کی جانب دست تعاون بڑھا ئیں تا کہ 9 جنوری کو ہونے والی عالمی کانفرنس کے مثبت اثرات کو ملک کے لیے کئی گنا بڑھا جاسکے ،

☆☆☆☆

☆☆☆☆☆☆

بقیہ نمبر 01

عمارتوں میں مجموعی طور پر 1000میگاواٹ کے سولر پینل لگائے جائیں گے، پہلے مرحلے کی بڈنگ کاعمل آئندہ ہفتے سے شروع ہوجائے گا، سولر پینلز کی پیداوار کیلئے پالیسی سازی کاعمل بھی حتمی مراحل میں داخل ہو چکا ہے جبکہ سولر پینلز کی پیداوار سے وابستہ صنعتوں سے بھی مشاورت مکمل کر لی گئی ہے۔اجلاس میں الیکٹرانک موٹر سائیکلوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ میں بتایا گیا کہ ای بائیکس کی پیداوار بڑھانے کیلئے بھی صنعتوں کو اعتماد میں لے کر ایک جامع پالیسی بنائی جارہی ہے، گیس کی بچت کیلئے تمام نئے گیس گیزرز کی پیداوار کونیکل بیفلو کے ساتھ کی جائے گی۔اجلاس میں زیادہ بجلی کی کھپت والے فلامنٹ اور غیر معیاری پرانے برقی بلبز پر بھی بریفنگ دی گئی جس میں فیصلہ کیا گیا کہ موجودہ اسٹاک کی کھپت کے بعدان کی پیداوار کی مزید اجازت نہیں دی جائے گی، بلکہ اس کے برعکس موجودہ کارخانوں کوکم بجلی کی کھپت والے نئی ٹیکنالوجی کے بلب بنانے پرمنتقل کیا جائے گا، زیادہ بجلی کی کھپت والے پنکھوں کے کارخانوں کو بھی جلدنئی ٹیکنالوجی پرمنتقل کیا جائے گا، موجودہ پنکھوں کوتبدیل کرنے کیلئے ایک جامع لائحہ عمل بھی تشکیل دے دیا گیا۔اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے اہم ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں مقامی سطح پر سولر پینل بنانے کیلئے پالیسی کو ترجیحی بنیادوں پر حتمی شکل دی جائے، سرکاری عمارتوں میں ہزار میگاواٹ کے منصوبے کومعینہ مدت میں مکمل کیا جائے اور رواں سال کے اختتام پر ملک میں صرف الیکٹرانک موٹر سائیکلوں کی پیداوار کویقینی بنانے کیلئے اقدامات پرعملدرآمد کیا جائے۔انہوں نے واضح ہدایت دی کہ آئندہ موسم گرما سے پہلے یہ منصوبہ ہر صورت مکمل کیا جائے، 10ہزار میگاواٹ شمسی توانائی کے منصوبوں پر عملدرآمد میں کسی قسم کا تعطل یاغفلت قبول نہیں کی جائے گی۔وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ توانائی کی بچت ایک قومی فریضہ ہے اور ہمیں اس پر عملدرآمد یقینی بنانا ہے، حکومت ملک وقوم کے پیسے کی بچت کیلئے ہرممکن اقدام اٹھائے گی۔

بقیہ نمبر 02

رہنما احسن اقبال نے کہا کہ ہمارا ایجنڈا معیشت کو دوبارہ مستحکم کرنا ہے، ہمارا ایجنڈا ملک میں امن بحال کرنا ہے، کوئی اس بحالی کے اور ترقی کے سفر میں حصہ ڈالنا چاہتا ہے تو خیر مقدم کریں گے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو تصادم نہیں اتحاد کی ضرورت ہے، عمران خان اسمبلی آ کر الیکشن کے حوالے سے اتفاق رائے پیدا کریں، الیکشن اپنے وقت پر ہوں گے۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کی قیادت صبح وشام ڈیفالٹ کی باتیں کررہی ہے، یہ پانی پھینکنے کی بجائے پٹرول پھینک رہے ہیں، تحریک انصاف والے اپنی زبان بند رکھیں گے تو بہتر ہوگا، عالمی کمیونٹی پاکستان سے یکجہتی کا اظہار کررہی ہے۔احسن اقبال کا مزید کہنا تھا کہ عمران خان اپنے آخری سال میں مصنوعی طور پر پٹرول کی قیمتوں کو کم کر گئے تھے،اگر ہم آئی ایم ایف معاہدے پرعمل نہ کرتے تو ملک کے ڈیفالٹ کا خطرہ تھا، ملک میں مہنگائی کی ذمہ دار تحریک انصاف ہے۔

بقیہ نمبر 03

کارڈیالوجی وزیرآباد میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں گورنر کے غیر قانونی حکم پرعمل کرنے کی کوئی ضرورت نہیں جبکہ ہم نے پنجاب کے مختلف محکموں میں بھرتیوں سے پابندی اٹھا لی ہے۔انہوں نے مسلم لیگ)ن (پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان جیسا لیڈر پاکستان میں پیدا نہیں ہوگا، قائد اعظم کے بعد عمران خان جیسا ایماندار لیڈر پہلی بار پاکستان کو ملا ہے چوہدری پرویزالٰہی نے کہا کہ عمران خان کی قیادت میں پاکستان نے بڑی ترقی کرنی ہے، سارے نالائق ن لیگ والے پیچھے رہ جائیں گے، شہباز شریف مکمل طور پر ایکسپوز ہوگیا ہے۔وزیراعلی پنجاب نے کہا کہ ن لیگ والوں کوکسی چیز کی سمجھ نہیں، چند ماہ میں ایک لاکھ سے زائد نوکریاں دیں گے، ترکیہ کی کمپنی اوزپاک سے صفائی کا معاہدہ ہوگیا ہے اب آپ کو ہرشہر میں صفائی کی صورتحال میں بہتری نظر آئے گی۔چوہدری پرویزالٰہی نے کہا کہ اللہ کے فضل وکرم اورعوام کی دعاں سے وزارت اعلی ملی ہے، وزارت اعلی کا منصب غریب عوام کے لیے وقف کیا ہے، ریب لوگوں کا معیار زندگی بلند کرنے کے لیےدن رات ایک کیا ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 04

مطابق جاری مالی سال کے پہلے 5ماہ میں ملک میں 11313 یونٹس جیپوں اور پک اپ گاڑیوں کی فروخت ریکارڈ کی گئی جوگزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 62 فیصد کم ہے،گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں 18332یونٹس جیپوں اور پک اپ گاڑیوں کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی۔نومبر2022 میں ملک میں 2946یونٹس جیپوں اور پک اپ گاڑیوں کی فروخت ریکارڈ کی گئی جوگزشتہ سال نومبر میں 3363یونٹس تھیں۔اعدادوشمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 5ماہ میں ملک میں ٹویوٹا فرچونرکی5298یونٹس، ہنڈائی ٹیوسن کی 1877یونٹس، بی اے آئی سی کے 53 یونٹس، ہونڈابی آر وی کے 1099یونٹس، سازگار حوال 416یونٹس، سوزوکی راوی 1650یونٹس، جے اے سی کے310یونٹس، ایسوزوڈی میکس کے 104یونٹس اور ہونڈائی پورٹر کے 506یونٹس گاڑیوں کی فروخت ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ نمبر 05

رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ عمران خان وزیرآباد حملے کی کہانی الجھانا چاہتے ہیں اور عمران خان کو فائر نہیں لگا بلکہ ڈرامہ کررہا ہے۔لاہور میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے وزیرداخلہ نے کہا کہ ملزم نوید کے آگے پیچھے کوئی نہیں، یہ جتنی مرضی تحقیقات کرلیں لیکن دوسرا یا تیسرا ملزم کیس میں نہیں ڈال سکتے۔انہوں نے کہا کہ عمران خان نے پورا توشہ خانہ بیچ دیا جبکہ عمران خان کی پالیسیوں سے ملک معاشی بحران کا شکار ہوا، مخالفین کے خلاف جھوٹے مقدمات بنائے گئے۔رانا ثنااللہ نے کہا کہ عمران خان کی مہم ملک دشمنی پرمبنی ہے، اگر فتنے کو موقع ملا تو یہ قوم کو حادثے سے دوچار کردے گا اس لیے عوام کو فتنے کا ووٹ کے ذریعے جواب دینا چاہیے۔انہوں نے واضح کیا کہ معاشی استحکام کے لیے سیاسی استحکام ضروری ہے۔وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ دہشتگردی میں ملوث کسی بھی فرد یا تنظیم سے مذاکرات نہیں ہوں گے، افغان حکومت سے کہا جائے گا کہ وہ اپنی سرزمین دہشتگردی کے لیے استعمال نہ ہونے کا وعدہ پورا کریں اور نیشنل سکیورٹی میٹنگ میں بھی یہی فیصلہ ہوا ہے۔واضح رہے کہ گزشتہ روز پی ٹی آئی رہنما فواد چوہدری نے الزام لگایا تھا کہ وزیرآباد میں عمران خان پرحملہ مکمل منصوبہ بندی کے تحت کیا گیا، اب وفاق تفتیش پر اثر انداز ہونے کی کوشش کررہا ہے۔

بقیہ نمبر 06

علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس دوران سعودی وزیردفاع نے دوطرفہ تعلقات مضبوط بنانے پرزور دیا،شہزادہ خالد بن سلمان نے جنرل عاصم منیر کوآرمی چیف بننے پر مبارکباد بھی دی۔دوسری جانب پاک افواج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کی جانب سے جاری بیان کے مطابق آرمی چیف جنرل عاصم منیر 4 سے 10جنوری تک سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے سرکاری دورے پر ہیں۔عسکری ادارے کے ترجمان کے مطابق آرمی چیف جنرل عاصم منیر دونوں برادرمما لک کی اعلی قیادت سے ملاقات کریں گے۔ملاقاتوں میں باہمی دلچسپی، فوجی تعاون اور تعلقات پرتوجہ رکھی جائے گی، دوروں کے دوران قومی سلامتی سے متعلق امور پر بات چیت کی جائے گی۔ملاقات میں پاکستان کے سفیر امیرخرم راٹھور اور چیف آف سٹاف میجر جنرل محمد عرفان اور ملٹری اتاشی بریگیڈیئر محمد عاصم شریک تھے۔ملاقات میں سعودی چیف آف سٹاف لیفٹیننٹ جنرل فیاض الرویلی اور دیگراعلی حکام بھی موجود رہے۔یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ آرمی چیف کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ جنرل عاصم منیر کا پہلا سرکاری بین الاقوامی دورہ ہے۔

بقیہ نمبر 07

روک تھام کیلئے فریدگیٹ چوک میں عوامی آگاہی واک کی گئی۔ایڈیشنل کمشنر رابطہ فیصل عطا خان، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز ڈاکٹر ناصرحمید،معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب ڈاکٹر سمیرا ملک ، سپرنٹنڈنٹ دارالامان فریال امین اور انچارج چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیوروشابہ ملک نے بھی واک میں شرکت کی۔اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب ڈاکٹرسمیرا ملک نے کہا کہ بچوں کے استحصال کی روک تھام اور انہیں معاشرے کا مفید شہری بنانے کے لئے ہرممکن اقدامات بروئے کارلائے جارہے ہیں۔ایڈیشنل کمشنر رابطہ فیصل عطا خان نے کہا کہ بے سہارا اور لاوارث بچوں کوگداگری سے محفوظ رکھنا اوران کو اچھی تعلیم وتربیت فراہم کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔عوامی آگاہی مہم کا مقصد بچوں کے حقوق کا تحفظ اورعوام الناس میں شعوراجاگرکرنا ہے۔ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز ڈاکٹر ناصرحمید نے کہا کہ جوقوم اپنے بچوں کی حفاظت نہیں کرسکتی وہ کامیاب نہیں ہوسکتی۔انہوں نے کہا کہ بچوں کے استحصال اور بدسلوکی سے بچاؤ کیلئے مل کرکام کرنا ہوگا۔انچارج چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورونوشابہ ملک نے کہا کہ آگاہی واک کا مقصد بچوں کو بدسلوکی اور استحصال کے بارے میں آگاہی دینا اور چائلڈ ہیلپ لائن 1121 کا اجاگر کرنا ہے۔انھوں نے کہا کہ استحصال اور بدسلوکی بچوں کے ذہنوں پر ایک صدمہ چھوڑتی ہے جس سے بچوں کے اعتماد اور شخصیت کو نقصان پہنچتا ہے۔نوشابہ ملک نے بتایا کہ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو میں بے سہارا بچوں کی تعلیم وتربیت کے لئے بہترین اقدامات کئے گئے ہیں۔واک میں سرکاری افسران، سماجی تنظیموں کے نمائندگان، طلباء وطالبات اور مختلف مکتبہ ہائے فکر کے لوگوں کی شرکت کی۔ڈسٹرکٹ آفیسر چائلڈ پروٹیکشن نوشابہ ملک نے کمشنر بہاولپور، ڈپٹی کمشنر،آر پی او،ڈی پی اواورسی ای اوایجوکیشن کے تعاون کاشکریہ بھی ادا کیا۔

بقیہ نمبر 08

تجارت نوید قمر کی سربراہی میں ملکی برآمدات میں اضافے کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی ہے، کمیٹی میں گورنراسٹیٹ بینک، سیکرٹری تجارت اورسیکرٹری خزانہ کوبھی شامل کیا گیا ہے۔برآمدات میں اضافے کیلئے کمیٹی سے14روز میں سفارشات طلب کی گئی ہیں۔رواں مالی سال جولائی سے دسمبر تک برآمدات میں 5اعشاریہ 79فیصد کمی ہوئی، دسمبر میں سالانہ بنیادوں پر16اعشاریہ 64 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی جبکہ دسمبر میں ماہانہ بنیادوں پر برآمدات میں3اعشاریہ64فیصد کم ہوئی۔ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ مالی سال جولائی تا دسمبر15ارب 12 کروڑ ڈالر سے زائد کی برآمدات ہوئیں، جبکہ رواں مالی سال کے چھ ماہ میں14ارب24 کروڑ ڈالر کی برآمدات ریکارڈ کی گئیں ہیں۔رواں مالی سال کے چھ ماہ میں کل درآمدات31ارب38 کروڑ ڈالر سے زائد رہیں اور گزشتہ مالی سال اسی عرصے میں40ارب56 کروڑ ڈالر سے زائد درآمدات رہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری اسد عمر نے بھی حکومت پرتنقید کرتے ہوئے کہا تھا کہ دسمبر 2022 میں برآمدات دسمبر2021 سے 17 فیصدکم ہیں۔اسحاق ڈار نے تین بار وفاقی وزیر خزانہ کا قلمدان سنبھالا اور تینوں دفعہ ہی ملک کی برآمدات کم ہوئی ہیں۔جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ دسمبر کےافراط زر میں پچھلے ماہ سے بھی مزید اضافہ ہوگیا اور23فیصد سے بڑھ کر 24فیصد تک پہنچ گیا ہے، مہنگائی کا طوفان تھمنے کا کوئی امکان نہیں۔جب عمران خان وزیراعظم اور شوکت ترین وزیرخزانہ ہوں گے تب ملک کے حالات ٹھیک ہو جائیں گے۔الیکشن نہ ہونے سے پی ٹی آئی کو نقصان نہیں ہوا لیکن انتخابات نہ ہونے کی وجہ سے ملک کونقصان ہورہا ہے،الیکشن 2023 میں ہی ہوتے دیکھ رہا ہوں۔

بقیہ نمبر 09

عدالت نے نیب حکام کی جانب سے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے ایک ہوٹل کو شراب لائسنس جاری کرنے کے الزام میں انکوائری بند کرنے کا جواب داخل کرانے کے بعد سابق وزیراعلی پنجاب عثمان بزدار کی عبوری ضمانت کا کیس نمٹا دیا۔احتساب عدالت نمبر دو کے جج نسیم احمد ورک نے کیس کی سماعت کی۔جمعرات کوسماعت پرعثمان بزدارعبوری ضمانت کی معیاد ختم ہونے پرعدالت میں حاضر ہوئے۔نیب کے وکیل اور تفتیشی افسرنے عدالت کو بتایا کہ نیب لاہور نے شراب لائسنس اجرا کے حوالے سے انکوائری بند کرنے کی سفارش نیب ہیڈآفس کوبھجوادی ہے، گرفتاری مطلوب نہیں، جس کے بعدعثمان بزدار کے وکیل نے درخواست ضمانت واپس لینے کی استدعا کی۔عدالت نے درخواست نمٹادی۔

بقیہ نمبر 10

وزیراعظم عمران خان نے مزید کہا کہ ایک اور بڑا دینی آدمی خواجہ آصف بھی 10اکتوبر کو پریس کانفرنس کرتا ہے، خواجہ آصف کہتا ہے قوم کو عمران خان کومعاف نہیں کرنا چاہیے، چاردن پی ٹی وی کوحکم ملاعمران خان کے خلاف پوری کمپین چلائیں، یہ بتانا چاہتے تھے کہ دینی انتہا پسند نیایسا قتل کیا، میں نے اپنے قتل کے حوالے سے ویڈیو بھی بنا دی تھی، سلمان تاثیرقتل ٹائپ کرنے کا پلان بی بنایا گیا۔انہوں نے کہا کہ 30سال سے یہ دونوں جماعتیں اقتدار میں ہیں، کبھی ان جماعتوں نے بیرون ملک جا کر دین کا نام لیا ہے، دونوں جماعتوں کے سربراہ مغرب میں جا کر ہمیشہ ان کوخوش کرتے تھے، مجھے فخر ہے واحد لیڈر ہوں جس نے اسلام کا مقدمہ لڑا، ہر انٹرنیشنل فورم میں اسلاموفوبیا کا معاملہ اٹھایا، چیلنج کرتا ہوں واحد پاکستان کا وزیراعظم ہوں، میں نے کسی کوخوش کرنے کیلئے مقدمہ نہیں لڑا میرے ایمان کا حصہ ہے۔چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کا مزید کہنا تھا کہ دنیا میں مسلمانوں کے ساتھ برا سلوک کیا جاتا ہے، توہین مذہب پر دنیا کے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوتے ہیں، رانا ثنا بدمعاش ہے سارا فیصل آباد جانتا ہے، ان کا سارا پلان ایک سکرپٹ کے مطابق چل رہا تھا، مجھے انجینیز کے اندر سے پلان بارے بتادیا گیا تھا، میں نے دو جلسوں میں ان کے پلان کا ذکر بھی کردیا تھا۔عمران خان نے کہا کہ بدقسمتی سے دو، تین لوگوں کی یہ سازش تھی، مجھے پتا ہے افواج روزانہ دہشت گردی کے خلاف قربانیاں دے رہی ہے، ہمیں اپنی سکیورٹی فورسز پراعتماد ہے، میں چاہتا ہوں اب جے آئی ٹی میں تعاون کیا جائے، ان کے خلاف ایکشن لیا جائے، چیف جسٹس سپریم کورٹ سے اپیل کرتا ہوں آپ سے صرف انصاف کی توقع ہے، چیف جسٹس صاحب کی سربراہی میں انکوائری ہو گی تب ہی مجھے انصاف مل سکتا ہے، جس طرح ہرجگہ رکاوٹیں ہورہی ہیں مجھے انصاف کی توقع نہیں۔انہوں نے کہا کہ میرا جینا مرنا پاکستان میں ہے، اگر ملک کی سب سے بڑی پارٹی کے سربراہ کوقتل کرا دیتے ہیں تو کیا یہ پاکستان کی بہتری ہوگی؟ مجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے تین ماہ سے ایک کمرے میں بند ہوں اور یہ کیسا مائنڈ سیٹ ہے جو اپنے ملک کونقصان پہنچا سکتا ہے، ایسا تو دشمنوں کا پلان ہوسکتا ہے، واضح ہوگیا نوید کو تیار کرکے بھیجا گیا تھا۔عمران خان نے کہا کہ وزیرآباد میں نوید نے پسٹل سے ریپڈ فائر کیا، پسٹل سے سنگل فائر بھی کرتے ہیں تو اوپر چلا جاتا ہے، اللہ نے مجھے بچانا تھا ابتسام ہیرو آ گیا، ابتسام نے ہاتھ اوپر کیا تو نوید کا ہاتھ اوپر چلا گیا اور گولیاں کہیں اور سے بھی آ ئیں، میں ابھی ہسپتال پہنچا نہیں تو ملزم نوید کا ریکارڈ بیان سامنے آ جاتا ہے، نوید طوطے نے بیان میں کہا میں اکیلا تھا، نوید کو جو پڑھایا گیا اس نے وہ کہا، نوید کا پہلا بیان بڑا مزے دار ہے، ڈی پی او گجرات نے اپنے فون سے نوید کا بیان ریکارڈ کیا۔چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ نوید نے کہا پسٹل چلانے کی کوئی ٹریننگ نہیں تھی، پولی گرافک ٹیسٹ میں ثابت ہوگیا وہ جھوٹ بول رہا تھا، تین شوٹر کا مطلب پلان کرکے قتل کرنا تھا، نوید بھی خواجہ آصف کی طرح کوئی دینی آدمی نہیں تھا، ایف آئی آر سے کون پاورتھی جس نے روکا، ڈی پی او گجرات کو کس نے کہا تھا عمران کے مخالف صحافیوں کو پہلے ویڈیو جاری کرو، سی ٹی ڈی کو دوبارہ ویڈیو بنانے کا کس نے کہا تھا؟ سی ٹی ڈی نے پیچھے بیک گراؤنڈ کیوں تبدیل کیا؟، جے آئی ٹی رپورٹ ہمارے مخالف اینکر کو کس نے پہنچائی؟۔انہوں نے مزید کہا کہ جے آئی ٹی کی فائنڈنگ کے مطابق ایک نہیں تین شوٹر تھے، اوپر سے فائرنگ ہوئی میں نے بھی یہی کہا تھا کہ اوپر سے بھی فائرنگ ہوئی ہے، معظم کی ویڈیو دیکھیں جیسے وہ نوید کے سامنے آتا ہے تو اس کو دور سے گولی ماری گئی، یہ لیاقت علی خان والا حادثہ بنانا تھا کہ ایک آدمی تھا، شوٹر نے نوید کو گولی مارنا تھی آگے معظم آ گیا، ایف آئی آر نہ کرا سکے اس کے بعد جے آئی ٹی بنی۔سابق وزیراعظم نے کہا کہ جے آئی ٹی نے نوید کے فرانزک کا آرڈر دیا تو ادارے نے ڈیٹا دینے سے انکار کر دیا کیا وجہ ہے؟، ملک کے سربراہ کوقتل کرنے کی سازش اور کوئی وفاقی ادارہ مدد نہیں کر رہا، پنجاب کے ادارے بھی تعاون نہیں کر رہے، سوال یہ ہے کون کون لوگ ملوث ہیں، مجھے پتا ہے، قوم کیلئے سوال چھوڑ رہا ہوں، اگر میرے ساتھ ایسا ہوسکتا ہے تو باقی عوام کی کیا حیثیت رہ گئی، واضح ہو جانا چاہیے پاکستان میں جنگل کا قانون ہے۔عمران خان نے کہا کہ جب جے آئی ٹی نے ڈی پی او سے موبائل فون مانگا تو اس نے تعاون سے انکار کردیا، ہماری حکومت میں ڈی پی او گجرات انکار کررہا ہے، اب عدالت کے ذریعے ڈی پی او کو بلایا جائے گا، نوید کو 8 گھنٹے سی ٹی ڈی نے اٹھایا اور ایک اور ویڈیو جاری کر دی، سی ٹی ڈی کا کیا کام ہے دوبارہ ویڈیو ریکارڈ کرے، سی ٹی ڈی نے بھی جے آئی ٹی میں آنے سے انکار کردیا، کون ان کو روک رہا تھا؟۔انہوں نے ڈی پی او گجرات کی نوید کی ویڈیو ریکارڈ کرنے کی ویڈیو بھی دکھا دی اور کہا کہ جب ہسپتال پہنچا تو میں نے تین لوگوں کے ملوث ہونے کے نام دیئے، گولیاں مجھے لگیں جن پر مجھے شک ہے ان کے نام دینا میرا حق ہے، میرا سوال ہے کون تفتیش سے ڈر رہا تھا؟، پنجاب میں ہماری حکومت، ایف آئی آر سے کون طاقت روک رہی تھی؟۔عمران خان نے مزید کہا کہ 9اپریل کوحکومت گرادی گئی، 10اپریل کو پہلی دفعہ لاکھوں لوگ سڑکوں پر آ گئے، لاکھوں لوگوں نے امپورٹڈ حکومت نامنظور کے نعرے لگائے، سب سے پہلے رجیم چینج کی پوری سازش ہوئی، مجھے پتا ہے اس سازش میں کون کون ملوث تھا، ایک آدمی نے گورنمنٹ گرانے کا حکم دیا اور کیسے لوگوں کوخریدا گیا۔سابق وزیراعظم نے کہا کہ جب پتا چل گیا کہ عوام میرے ساتھ کھڑی ہے تو چوروں کے ساتھ کھڑے ہوکر مجھے راستے سے ہٹانے کی کوشش کی گئی، حکومت ختم ہونیکے بعد میں نے تو الیکشن انانس کر دیئے تھے، رجیم چینج کرنے والوں نے غلطی سے سیکھنے کے بجائے الٹاظلم شروع کر دیا، 25 مئی کوظلم اور تشدد کیا گیا، چادراور چاردیواری کے تقدس کو پامال کیا گیا، 70سالہ خاتون ورکرز کوگھسیٹ کر پولیس سٹیشن لیکر گئے، مجھے ابھی تک سمجھ نہیں آئی عوام کی آواز سننے کے بجائے بھیڑ، بکریوں کی طرح مارا گیا۔چیئرمین تحریک انصاف نے کہا کہ ضمنی الیکشن میں بھی قوم نے پیغام دے دیا تھا، قوم کی آواز سننے کے بجائے طاقت کا استعمال کیا گیا، میرے خلاف اتنے کیسز بنائے گئے یاد بھی نہیں کتنے کیسز ہیں، عوام کو سمجھ آ گئی تھی کیا گیم ہوئی تھی، جرائم پیشہ ڈاکوں کو قوم پر مسلط کر دیا گیا، رجیم چینج کے سہولت کار میر جعفر اور غدار تھے، کوئی بھی یہ نہیں سمجھ رہا تھا کہ لوگ باہر نکلیں گے۔انہوں نے کہا کہ جو اس ملک میں طاقت رکھتے ہیں ان سے سوال پوچھنا چاہتا ہوں، مجھے یہ پتا ہے)ن (لیگ کے سربراہ شہبازشریف، رانا ثنااللہ پیچھے ہے، ماڈل ٹاؤن میں دن دیہاڑے شہبازشریف، رانا ثنااللہ نے لوگوں کوقتل کرایا ان کا تو مجھے پتا ہے، وہ لوگ ہیں جو اس ملک کے محافظ وہ اس پلان میں کیسے شامل ہو گئے، طاقتور اس کور اپ میں شامل تھے، سوال پوچھتا ہوں کیا میں وہ آدمی ہوں جس کو آپ بیرونی سازش کا حصہ سمجھ سکتے ہیں؟۔

بقیہ نمبر 11

وجوڈیشل افسران شریک ہوئے۔اجلاس کو بتایا گیا کہ شکایات ازالہ کمیٹیوں کو 16373 درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے 11533 کی شنوائی کی جاچکی ہے اور7190 کونمٹا دیا گیا ہے۔کمشنر بہاول پور ڈویژن راجہ جہانگیر انور نے انتظامی افسران کو ہدایت کی کہ تمام اپیلوں کوجلدازجلدنمٹایا جائے تاکہ الاٹمنٹ کے عمل کومکمل کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ حق دار چولستانیوں کومیرٹ پرشفاف طریقہ کار کے مطابق اراضی الاٹمنٹ کے لیے تمام تر وسائل بروئے کارلائے جائیں۔

بقیہ نمبر 12

چودھری پرویز الٰہی کو ووٹ دینے کا اعلان کر دیا۔ملاقات کے موقع پرتحریک انصاف کے سینئر رہنما فواد چودھری، میاں اسلم اقبال سمیت دیگر بھی موجود تھے۔فواد چودھری نے بلال وڑائچ کی جانب سے چودھری پرویز الٰہی کو اعتماد کا ووٹ دینے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ آزاد ایم پی اے حمزہ شہباز کے کیمپ میں موجود تھے اور اس سے قبل انکو ووٹ دیا تھا۔فواد چودھری نے مزید کہا کہ بلال وڑائچ نے عمران خان سے ملاقات کے بعد تحریک انصاف کے وژن پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اور وڑائچ فیملی بہت جلد تحریک انصاف میں باقاعدہ شمولیت اختیار کررہی ہے ان کے آنے سے پنجاب اسمبلی میں ہمارا مزید 1 ووٹ بڑھ گیا ہے۔ملاقات کے دوران ایم پی اے بلال وڑائچ نے تحریک انصاف کے نظریے پرعمل پیرا ہونے کا عزم کرتے ہوئے کہا کہ میرے لئے خوش آئند بات ہے کہ پی ٹی آئی میں شامل ہورہا ہوں، انشااللہ عمران خان کے وژن کے مطابق سیاست کریں گے، تحریک انصاف کی تمام قیادت کا خوش آمدید کہنے پر تہہ دل سے شکرگزار ہوں۔

بقیہ نمبر 13

منصوبے پہلے ہی مکمل ہو چکے ہیں۔گوادر پرو کے مطابق 2023 کا سورج چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے لیے نئ امیدوں کے ساتھ ابھرا ہے جس کے پس منظر میں مزید چینی سرمایہ کاری کوفروغ دینے، تین نئ سی پیک راہداریوں کے آغاز، ثقافتی تبادلے کے پروگراموں کی بحالی، اور خصوصی اقتصادی سرگرمیوں کوفعال کرنے کرنا شامل ہیں۔گوادر پرو کے مطابق2023 میں سی پیک پاک چین سفارتی تعلقات کے 72 سالوں میں ایک مرکزی مرحلہ لینے کیلئے تیار ہے۔چائنا تھری گورجز ساؤتھ ایشیا انویسٹمنٹ لمیٹڈ (CSAIL) کی جانب سے جاری کردہ 'پاکستان کے پاور سیکٹر کا جائزہ اور فیوچر آؤٹ لک کے عنوان سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق سی پیک کے کل36 سے زائد منصوبے، جن پر27.5 بلین ڈالر کے متوقع اخراجات ہیں۔یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ان میں سے بہت سے 2030 تک فنشنگ لائن کو عبور کر لیں گے۔گوادر پرو کے مطابق سی ایس اے آئی ایل کی رپورٹ میں کہا گیا کہ 18.7 بلین ڈالر کی مجموعی سرمایہ کاری کے ساتھ 11 توانائی کے منصوبے اور سات بنیادی ڈھانچے کے منصوبے پہلے ہی مکمل ہو چکے ہیں، جبکہ دس اضافی منصوبے ط توانائی کے شعبے میں چار اور بنیادی ڈھانچے میں، اب عمل میں آرہے ہیں اور آنے والے سالوں میں ان کے مکمل ہونے کی امید ہے۔گوادر پرو کے مطابق مزید برآں، پانچ خصوصی اقتصادی زونز2023 میں1 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کے ساتھ ٹھوس پیش رفت کریں گے۔نو شناخت شدہ خصوصی اقتصادی زونز (SEZs) میں سے چار کو500 ملین ڈالر کی لاگت سے آنے والے سالوں میں مکمل کیا جائے گا۔گوادر پرو کے مطابق سال2023 سی پیک کولابوریٹو ریسرچ گرانٹ CPEC?CRG)) کوبھی دیکھ رہا ہے جو کہ حال ہی میں شروع کیے گئے ایچ ای سی اقدام یعنی یونیورسٹیز کے سی پیک کنسورشیم کے تحت تعلیمی تعاون کے کلیدی جز میں سے ایک ہے۔مذکورہ منصوبے کا مجموعی مقصد تاریخی عالمی جیواسٹریٹجک اور جیوا کنامک ٹرانزیشن اور خطے پر بالعموم اور پاکستان پر بالخصوص اس کے اثرات کو سمجھنا اور اس کا جواب دینا ہے، وسیع چینی بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو اور اس کے پیش نظر پاکستان کے لیے مخصوص جزوی سی پیک۔ابھرتی ہوئی عالمی حرکیات سے پیدا ہونے والے تزویراتی مواقع کا قومی ردعمل سی پیک لانگ ٹرم پلان (LTP) ہے۔گوادر پرو کے مطابق چینی بہار کے تہوار کی تقریبات کے سلسلے میں پاکستانی میڈیا کو2023 چینی چائنیز نیو ایئر اور آنے والے پروگراموں کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے، ثقافتی دفتر کے سیکنڈ سیکرٹری زنگ لی جن نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان تعلیم اور ثقافتی تعاون اور تبادلوں میں ہرگزرتے دن کے ساتھ ساتھ اضافہ ہوا ہے، کیونکہ اس وقت ہزاروں پاکستانی طلباء چین کی مختلف یونیورسٹیوں میں زیرتعلیم ہیں۔اسی طرح 2023 میں پاکستان میں نمائشوں اور چینی ثقافتی تقریبات میں مزید اضافہ متوقع ہے۔پاکستان میں چینی سفارتخانے کے ترجمان نے میڈیا کو بتایا کہ توقع ہے کہ چینی حکومت2023 میں ثقافتی تبادلے کے پروگرام دوبارہ شروع کرے گی۔گوادر پرو کے مطابق اسی طرح، دونوں مما لک کے درمیان کرنسی کا معاہدہ نہ صرف ایک معاشی ماسٹر اسٹروک ہے بلکہ اسے ایک اسٹریٹجک اقدام کے طور پر بھی بتایا جاتا ہے۔امید ہے کہ2023 میں ڈالر پر پاکستان کا انحصار کم ہو جائے گا، کیونکہ پاکستان اور چین کے مرکزی بینکوں نے آر ایم بی کلیئرنگ میکانزم قائم کرنے کے لیے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔گوادر پرو کے مطابق اقتصادی چیلنجوں کے باوجود چین پاکستان میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاروں کی فہرست میں سرفہرست رہا۔کووڈ19 اور پاکستان کی حکومت میں تبدیلی دونوں سی پیک میں سست روی کا باعث بنے لیکن وہ رکاوٹیں اب موجود نہیں ہیں اور توقع ہے کہ2023 میں پاکستان میں چین کی ایف ڈی آئی کے لحاظ سے سی پیک پر کام مزید رفتار پکڑے گا۔

بقیہ نمبر 14

لئے بھی سوالیہ نشان ہے۔انہوں نے کہا کہ احمد پورشرقیہ کو ضلع بنانے کی تحریک گزشتہ بیس سال سے چل رہی ہے۔مگر ابھی تک اس پسماندہ تحصیل کونظرانداز کیا جارہاہے۔انہوں نے وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی سے احمد پورشرقیہ کوفی الفور ضلع کادرجہ دینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 15

اور پھول پیش کیے اس موقع پرتنظیمی امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔محمد اکمل شیخ نے معزز مہمانوں کا استقبال کیا اور ان کی تشریف آوری پرشکریہ ادا کیا۔اس موقع پر چوہدری طارق مجید کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ عام آدمی کی جماعت ہے اور مسلم لیگ نے ہمیشہ اپنے کارکنان اور عہدیداران کا خاص خیال رکھا ہے انہوں نے کہا کہ ضلع بہاولپور بھی مسلم لیگ کا گڑھ ہے۔

بقیہ نمبر 16

ٹیکنیکل سپیشلسٹ (SRH/FP) شعیب احمد شہزاد اور ٹیکنیکل سپیشلسٹ جینڈر GBV/ تانیہ درانی بھی موجود تھیں۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے کہا کہ تعلیم یافتہ اور صحت مند مائیں ہی ایک بہتر معاشرے کی بنیاد رکھ سکتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ تعلیم یافتہ معاشرہ صحت کی اچھی سہولیات اور آگہی آبادی کے مسائل کو بہتر حل کرسکتا ہے۔گورنر پنجاب نے کہا کہ کم وسائل اور بڑھتی ہوئی آبادی سے ملک کی معیشت پر برے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آبادی سے متعلقہ مسائل پر قابو پانے کے لئے حکومتی کاوشوں کے ساتھ عوام کا تعاون بہت ضروری ہے۔گورنر پنجاب نے کہا کہ بطور چانسلر یونیورسٹیوں میں ہیلتھ کنسورشیم بنایا ہے اور فیملی میڈیسن پروگرام شروع کیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ہیلتھ یونیورسٹیاں فیملی میڈیسن پروگرام پر کام کررہی ہیں۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے یونائیٹڈ نیشن پاپولیشن فنڈ کے کنٹری نمائندے ڈاکٹر لوائے شبانی(Dr.Luay Shabaneh) نے کہا کہ پاکستانی ہیلتھ یونیورسٹیاں عوام کو بہترین طبی سہولیات مہیا کرنے کے ساتھ تعلیمی، تدریسی اور تحقیقی میدان میں بھی بہترین کام کررہی ہیں۔

بقیہ نمبر 17

موقع پر پیغام میں انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ حق خودارادیت کے لیے پاس کی گئی قراردادوں پرعملدرآمد کویقینی بنائے، کشمیریوں کے حوالے سے حق خودارادیت کی قراردادوں کو پاس ہوئے 74سال کا عرصہ گزر چکا، انہیں بھارت کے ناجائز تسلط سے آزاد کروایا جائے۔قمر زمان کائرہ نے کہا کہ حق خود ارادیت کی خاطر ہزاروں کشمیری اپنے جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں، بھارت اقوام متحدہ کی قراردادوں اور انسانی حقوق کی دھجیاں اڑا رہا ہے، وہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں اسرائیلی طرز کی پالیسیوں پر گامزن ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت 05 اگست 2019 کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کی آڑ میں مقبوضہ جموں وکشمیر کی ڈیموگرافی تبدیل کر رہا ہے، بھارتی اقدامات عالمی قوانین اور چوتھے جینوا کنونشن کی کھلی خلاف ورزی ہیں، اقوام متحدہ اور عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ریاستی دہشت گردی کی روک تھام کے لیے فوری اقدامات اٹھائے۔قمرزمان کائرہ نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وزیرخارجہ بلاول بھٹو زرداری دنیا کے تمام فورمز پرکشمیریوں کے حقوق کی جنگ جرات مندانہ انداز میں لڑ رہے ہیں، مسئلہ کشمیر پر مضبوط موقف کے باعث بھارت میں بلاول بھٹو زرداری کے خلاف احتجاج کیا گیا۔انہوں نےکشمیریوں کے حقوق کی جنگ دنیا کے تمام فورمز پر جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 18

ترین قسط میں شعبہ معاشی پالیسی جائزہ (ای پی آر ڈی) کے تین افسران نے پاکستان میں آبادی کے مواقع کے امکانات پر بات چیت کی اور بتایا کہ پاکستان کی آبادی میں بہت تیزی سے اضافہ ہوا ہے، یہ 1970 کی 59ملین سطح سے بڑھ کر2021 میں 231ملین تک پہنچ چکی ہے، پاکستان کی آبادی کی اکثریت نوجوانوں پرمشتمل ہے ایسے افراد جن کی عمریں 30برس سے کم ہیں۔ملکی آبادی کی عمر کی تقسیم آبادی کے مواقع کی فراہمی کے حوالے سے خوش آئند ہے کیونکہ یہ ایسی مدت ہوتی ہے جس میں کام کرنیوالی آبادی زیرکفالت افراد کی آبادی سے بڑھ جاتی ہے، یہ صورتحال آبادی کے ثمرات (demographic dividend)پر منتج ہوسکتی ہے جو بلند معاشی نمو کی مدت ہوتی ہے جسے آبادی کی سازگار ساخت سے تقویت ملتی ہے۔تحقیق سے پتا چلتا ہے کہ آبادی کے ثمرات (demographic dividend) کا اقتصادی نمو پر مثبت اثر پڑتا ہے۔مثال کے طور پر 1965 سے 1990 تک مشرقی ایشیا میں تیز رفتار اقتصادی ترقی ہوئی اور یہ تخمینہ لگایا گیا ہے کہ اس نمو کا ایک تہائی حصہ آبادی کے ثمرات کی بدولت حاصل ہوا جب کہ باقی ماندہ سازگار اقتصادی پالیسیوں کی وجہ سے ہوا، آبادی کے ثمرات کے ذریعے معاشی نمو حاصل کرنے کے دو ذرائع ہیں۔

بقیہ نمبر 19

بازار سج گئے۔تاحال بحالی صوبہ بہاولپور سمیت بہاولنگر اور رحیم یارخان پیاسے ہی رہے۔ان خیالات کا اظہار متحدہ تحریک بحالی صوبہ بہاولپور یوتھ کی ضلعی صدرزنیرابلوچ جنرل سکریٹری فاطم الزہرہ دیگر عہدیداروں شائلہ جی جان، ڈاکٹر شازمہ رند، دعا خان، حادیہ اجمل، انابیہ بلوچ، طوبی عباسی، عروبہ عباسی اور علینہ اسلام نے سال نو2023 پر پوری قوم کومبارکباد دیتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا سال نو کے ساتھ نئے جذبوں اور ولولوں سے عہد کرتے ہوئے کہا کہ تحریک کے مرکزی قائدین قاری مونس بلوچ مسزشمیم عباسی کی قیادت میں نئے سال میں پوری جرت کے ساتھ رابطوں کو بڑھاتے ہوئے کردارادا کریں گے۔تاکہ 2023 صوبہ بحالی کا سال ثابت ہوسکے۔

بقیہ نمبر 20

کہ چین سے درآمد کردہ نئی کوچز مکمل فٹ اور ٹریک پر چلنے کیلیے تیار ہیں۔سلمان صادق شیخ نے واضح کیا کہ یہ مسافر کوچز پاکستان ریلوے کے سسٹم سے مکمل طور پر ہم آہنگ ہیں، ان کوچز کا تفصیلی معائنہ کیا گیا اور ڈی پراسیسنگ کی گئی جس کے بعد انہیں آزمائشی بنیادوں پر چلانے کی منظوری دی گئی۔کامیاب ٹرائل کے بعد اس وقت تمام کوچز چلنے کے لیے تیار ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ بوگیاں ہم نے بین الاقوامی شہرت کی حامل کمپنی سے Transparent Competitive Bidding کے ذریعے تیار کروائی ہیں، ان کوچز کی وارنٹی کی مدت دوسال ہے اور یہ پہلے چھ ماہ چینی ماہرین کی زیرنگرانی آپریٹ کریں گی۔نئی کوچز کو بین الاقوامی ریل روڈ اسٹینڈرڈز اور سیفٹی کے انٹرنیشنل اسٹینڈرڈز کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔سلمان صادق نے کہا کہ کمپنی کے ساتھ ہونے والے معاہدے میں ٹرانسفر آف ٹیکنالوجی کی شرط بھی شامل تھی اور یہی وجہ ہے کہ ہمارے افسران اور دیگر عملہ چین میں تربیت حاصل کرنے بھی گیا۔ٹریننگ کے بعد ہم اس پوزیشن میں ہیں کہ اس طرح کی کوچز کو پاکستان ہی میں مینوفیکچر کرسکیں۔سی ای او ریلوے نے کہا ہے کہ چین سے آنے والی 46 کوچز اس وقت تمام ٹیسٹ کلیئر کرچکی ہیں اوران شااللہ جلد ہی یہ پاکستان ریلوے کے ٹریکس پر رواں دواں نظر آئیں گی۔

لاہور: چیئرپرسن سارہ احمد چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو پنجاب کی جانب سے بچوں کے استحصال کی روک تھام کیلئے آ گہی واک کی قیادت کررہی ہیں۔

بہاولپور: ڈپٹی کمشنر بہاولپور وچیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز زاہد پرویز وڑائچ پی ڈبلیو ایم سی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 47ویں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

بقیہ نمبر 21

بتدریج کی پیشگوئی ہے۔دھند کی وجہ سے لاہور ایئرپورٹ پر جو پروازیں تاخیر کا شکار ہیں ان میں او ڈی 131 کوالالپمور۔لاہور،ایس وی738جدہ۔لاہور،ای وائے241ابوظہبی لاہور، پی کے280دوحہ۔لاہورآمد جبکہ اوڈی 132 لاہور۔کوالالپور،ایس وی 737لاہور۔جدہ،ای وائے 242 لاہور۔ابوظہبی،ای کے 623لاہور۔دبئی کی روانگی میں تاخیر شامل ہے۔اسی طرح بعض پروازوں کا رخ اسلام آباد ایئرپورٹ کی طرف موڑ دیا گیا ہے جن میں پی آئی اے پی کے 0 6 1باکو۔لاہور، پی کے 0 6 8جدہ۔لاہور، پی کے 4 0 2دبئی۔لاہور، پی اے471جدہ۔لاہور شامل ہیں۔ترجمان نے بتایا کہ اسلام آباد کی طرف موڑی گئی پروازوں کے مسافروں کو ایئرلائنز کی طرف سے فراہم کردہ بسوں پر لاہور روانہ کر دیا گیا ہے۔ترجمان نے کہا کہ اس وقت ملتان ایئرپورٹ پر حدنگاہ800میٹر ہے۔ترجمان نے مسافروں سے اپیل کی ہے کہ وہ ہوائی اڈے روانگی سے پہلے اپنی ایئرلائن سے رابطہ کریں یا فلائٹ انکوائری نمبرز۔ 114،ہیلپ لائن نمبرز001140800اور222111 114 یا سول ایوی ایشن کی ویب سائٹ caapakistan.com.pkhttp سے معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 22

اس میں کوئی شک نہیں کہ موجودہ حالات میں کاروبار رات ساڑھے آٹھ بجے بند کرنا ایک مشکل فیصلہ ہے لیکن تاجر برادری درپیش گھمبیر چیلنجز کے پیش نظر ملک کی خاطر قربانی دینے کیلئے تیار ہے، صوبائی حکومتیں بھی وفاق کے فیصلے میں ساتھ دیں تاکہ توانائی کی بچت کے ذریعے ملک کو بحران سے باہر نکالا جا سکے، کاروباری سرگرمیوں کا جلد آغاز کرکے جلد بند کرنے سے یقینی طور پر سماجی طور پر مثبت تبدیلیاں رونما ہوں گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے حکومتی فیصلے پرمختلف مارکیٹوں کے عہدیداروں سے مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرتاجر رہنماؤں کی جانب سے تجاویز بھی پیش کی گئیں۔اشرف بھٹی نے کہا کہ ابتدائی تخمینے کے مطابق توانائی بچت سے ملک کو 2 6ارب روپے کی بچت ہو گی۔حکومت جلد سے جلد درآمدی ایندھن سے چھٹکارا حاصل کرے اور بجلی کی ہائیڈرل پیداوار پرتوجہ مرکوز کرے، سستی بجلی میسر آنے سے عوام اور تاجر طبقے کو ریلیف ملے گا۔انہوں نے کہا کہ جب تک ہماری معیشت مضبوط نہیں ہوتی اور ملک کو بحرانوں کا سامنا ہے ہمیں ساتھ دینا چاہیے۔اس موقع پر شرکاء نے تہواروں کے دنوں میں تاجروں کو اضافی وقت کاروبار کرنے کی تجویز دی اور کہا کہ اس سلسلہ میں پختہ یقین دہانی لے کردی جائے۔اشرف بھٹی نے کہا کہ اس سلسلہ میں حکومت سے ابتدائی بات ہو چکی ہے اوران شااللہ اس کی یقین دہانی بھی لی جائے گی۔حکومت توانائی بچت پروگرام کا ایک جامع پلان پیش کرے، بچت پلان کے تحت تمام طبقات قربانی دیں اور اپنا حصہ ڈالیں۔حکومتی شخصیات اورسرکاری افسران کوحاصل مراعات میں بھی کٹوتی کی جائے اور جوسرکاری افسران تنخواہ کی صورت میں لاکھوں روپے میں معاوضہ وصول کررہے ہیں ان کے لئے مفت پیٹرول اور یوٹیلیٹی بلز کی مراعات ختم کی جانی چاہئیں۔

بقیہ نمبر 23

ایم کی حکومت کوعوام کی مشکلات دکھائی ہی نہیں دے رہی، امپورٹڈ حکومت مشکل فیصلے کرنے کا مینڈیٹ نہیں رکھتی، عوام کا اعتماد رکھنے والی حکومت ہی مشکل فیصلے کرسکتی ہے۔میاں اسلم اقبال نے کہا کہ معاشی بدحالی نے امپورٹڈ سرکار کی نااہلی ثابت کر دی ہے، شریف اور زرداری خاندان نے ادارے مضبوط نہیں ہونے دیئے، ادارے مضبوط ہوتے تو یہ دونوں خاندان کبھی قومی وسائل نہ لوٹ سکتے، ذاتی مفادات کے لئے بننے والے حکمران اتحاد کا شیرازہ بکھرنے والا ہے۔سینئر صوبائی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ 27 کلومیٹر پرمسلط 13 جماعتوں کا اتحاد اسلام آباد میں بھی الیکشن سے بھاگ رہا ہے، عمران خان کی مقبولیت سے خوفزدہ چوروں کا ٹولہ عوام کا سامنا نہیں کرسکتا، انتخابات سے ہی سیاسی استحکام آئے گا اور بے یقینی کا خاتمہ ہوگا۔

بقیہ نمبر 24

اور ترجیحات سے ہم آہنگ کیا گیا ہے۔فیکلٹی آف ایگریکلچر اینڈ انوائرمنٹ میں تحقیقی سرگرمیاں ملکی زرعی معیشت میں اہم کردار کی حامل ہے۔کپاس پر ہونے والی تحقیق، مکئی اور سویابین کی انٹرکراپنگ اور چولستان میں مصنوعی بارش سے ایگروا کنامک زون کا قیام ملکی تاریخ میں کسی بھی جامعہ میں سب سے بڑے اہم منصوبے ہیں۔انہوں نے کہا کہ زرعی گریجویٹس کی ملکی اور غیرملکی سطح پر بہت زیادہ مانگ ہے اور اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور سے فارغ التحصیل زرعی گریجویٹس قومی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس وقت سپرنگ ایڈمیشن جاری ہیں اور فیکلٹی آف ایگریکلچر اینڈ انوائرمنٹ میں بی ایس سی ایگریکلچر، بی ایس فارسٹری، بی ایس ایگری بزنس، بی ایس سی فوڈ اینڈ ٹیکنالوجی میں آپلائی کرنے کی آخری تاریخ 10 جنوری 2023 ہے۔

بقیہ نمبر 25

غلہ منڈی روڈ سے کوٹلہ موسی خان روڈ، اور کچہری روڈ پرواقع کئی گٹروں کے ڈھکن یا کافی عرصہ سے غائب ہیں یا پھر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوچکے ہیں۔جس سے شہریوں کوسخت مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں محمد اکبر، منشی خلیل احمد بلوچ، محمد افضل، عمران اور محمد خالد، نے کہا کہ بلدیہ کا عملہ اور آفیسران ان سڑکوں سے گزرتے ہیں۔مگر شکایات کے باوجود ابھی تک ان گٹروں پر ڈھکن نہیں رکھے گئے۔جو کہ کسی بھی وقت حادثہ کا سبب بن سکتے ہیں۔انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر ملک ظہور احمد اعوان، چیف آفیسر سے فی الفور گٹروں پر ڈھکن رکھنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 26

پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ بھگوڑوں کا یہ خاندان پاکستان کواپنی ذاتی جاگیر سمجھتا ہے، لیکن آج تک اس وطن سے مخلص نہیں ہوسکا۔انہوں نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ مریم صفدر نامعلوم سرجری کروانے کیلئے پہلے لندن گئیں اور اب ایک اور سرجری کروانے سوئٹزرلینڈ جا رہی ہیں، ہمیں معلوم ہے سوئٹزرلینڈ کن سرجریز اور کن بینک اکاؤنٹس کے لیے مشہور ہے، بھگوڑوں کا یہ خاندان پاکستان کو اپنی ذاتی جاگیر سمجھتا ہے۔پچھلے 40سال کسی نا کسی صورت میں اقتدار کے مزے لینے کے باعث فرعونیت ان کے سر پر سوار ہو چکی ہے۔مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ آئندہ الیکشن میں عوام انہیں دوبارہ زمین پر لائیگی، اس ملک پر حکمرانی اس ٹھگنی کا خواب ہی رہیگا۔جھوٹے پراپگنڈہ ماسٹرز کا ٹھکانہ جیل کی کال کوٹھری ہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جے آئی ٹی رپورٹ نے سب رازوں سے پردے فاش کر دیئے ہیں، توہین مذہب کا کارڈ استعمال کرنیوالوں کی قلعی کھل چکی ہے۔چیئرمین خان پر قاتلانہ حملہ کی سازش کرنیوالے تمام کردار جلد سامنے آئیں گے۔انشااللہ پاکستان تحریک انصاف ملک دشمن سازشوں کیخلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی۔

بقیہ نمبر 27

قریشی، یوسف غنی قریشی، کے علاوہ ایم پی اے صاحبزادہ میاں گزین عباسی، نے منصورا قبال قریشی سے ان کے والد کی وفات پر اظہار تعزیت کی ہے۔

بقیہ نمبر 28

م اور دیگر عہدیداران کو دل کی گہرائی سے مبارک باد دی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ اتفاق رائے سے انتخاب کر کے احمد پوریونین آف جرنلسٹس نے اچھی مثال قائم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ تمام صحافی دیانتدارنہ صحافت کوفروغ دیں گے۔

☆☆☆

☆☆☆☆☆☆

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ